ادبیات

صبح کربلا

از جناب صبا صاحب متھراوی فاضل ادب

خالق الاصباح نے قائم کیا پھر اک نظام ہو چکی جب بزمِ ہستی میں نمودِ صبح و شام
ہر سحر کو دے کے بھیجا اک پیامِ سرخوشی صبح کے پردے میں نکلی مسکراتی زندگی
ہر سحر آئی سکوں کی لہر دوڑاتی ہوئی جھومتی ہنستی ہنساتی نور پھیلاتی ہوئی
ہر سحر کی گود میں تھا مسکراتا آفتاب مسکراتا آفتاب اور جگمگاتا آفتاب
ہر سحر لیتی ہوئی آئی نئی انگڑائیاں لوٹنے والوں نے لوٹیں خوب ہی رعنائیاں
ہر سحر کو دیکھکر غنچے کھلے کلیاں ہنسیں باغ مہکے پھول نکھرے کھیتیاں پھولیں پھلیں
ہر سحر کے خیر مقدم اور آمد کے لئے چہچے کرتے ہوئے طائر ہواؤں میں اڑے
ہر سحر نے اہلِ عالم کو دیا نورِ حیات ہر سحر سے جگمگا اٹھی بساطِ کائنات

اک سحر ایسی بھی لیکن قسمتِ عالم میں تھی
جس کی ہر کروٹ ملوث ظلمتِ ماتم میں تھی

وہ سحر اندھی سحر بے نور و بے جلوہ سحر پھیکی پھیکی سانولی بے حُسن بے رتبہ سحر
وہ سحر غمگیں سحر پُر درد و پُر ماتم سحر غمزدہ روتی رُلاتی صورتِ شبنم سحر
وہ سحر ڈرتی لرزتی کانپتی مضطر سحر بے مقام و بے وطن غربت زدہ بے در سحر
وہ سحر نکلی گریباں چاک گھبراتی ہوئی کپکپاتی تھرتھراتی اور شرماتی ہوئی

منتشر نظریں پریشاں ہوش اور صورت اُداس		حسرتوں کا خون سر پر رخ پہ گردِ بیم و یاس
چاک دامن خاک بر سر، خون آلودہ نگاہ		ہر نفس بے ضبط و بے آئین ہر صورت تباہ
سر بریدہ خونفشاں خونبار سورج درکنار		بے کفن، بے روح، بے جاں ایک نعش بے مزار
ہر ادا ظلمت فشاں، ظلمت نشاں ظلمت اثر		بھیس میں تھی صبح کے محروم جلووں سے مگر
جسم پر پہنے ہوئے پیراہنِ جنگ و فساد		شورش و شر کا گریباں دامنِ بغض و عناد
وہ سحر مرجھانے آئی گلشنِ زہرا کے پھول		خاک میں جس نے ملائے دامنِ زہرا کے پھول

اک ردائے ماتمی ہر سو فلک پر چھا گئی
شام کے میدان میں صبحِ قیامت آگئی

کائناتِ شب پہ پہلے تو پڑی گردِ زوال		چاند پھیکا پڑ گیا اور ہو گئے تارے نڈھال
پھر افق سے باہر آیا سر خمیدہ آفتاب		جیسے کانسے کا پیالہ جیسے پژمردہ گلاب
ہر کرن چھن چھن کے دامانِ نظر میں یوں چبھی		جیسے تیروں کی سناں ہو جیسے نیزوں کی انی
جھٹپٹے میں ہو گیا بارِ نظر آبِ رواں		ڈبڈبائی آنکھ میں ہوں جیسے کچھ آنسو عیاں
طائروں کے چہچہے پھیلے فضا اندر فضا		مرثیہ خواں جیسے کوئی پڑھ رہا ہو مرثیہ
ہر طرف آئے نظر یوں نخل رنگیں منتشر		راہ بھولا قافلہ جیسے کوئی محوِ سفر
جھٹپٹے میں اک طرف کچھ دھندلے خیموں کے نشاں		کچھ بگولے جیسے جائیں اُڑ کے سوئے آسماں
اک طرف ڈیرے قناتیں شامیانے بے حساب		آ رہے ہوں دیو جیسے ڈال کر منہ پر نقاب
اک طرف محوِ عبادت اک گروہِ مختصر		چاند کے ہمراہ تارے جیسے ہنگامِ سحر
اک طرف محوِ شرارت دشمنانِ نابکار		بھیڑیوں کے غول جیسے جیسے چیتوں کی قطار
اک طرف نیزے سنانیں تیر اور تیغوں کی باڑ		دشت میں ہوں جس طرح دامن کشاں خاروں کے جھاڑ

اک طرف خاور رُخاں گلشنِ ختمی مآب
جیسے ظلمت میں ستارے جیسے کانٹوں میں گلاب

اک طرف گنتی کے پیدل لاکھوں گھوڑے اک طرف
قدسیوں کے سامنے ہوں دیو جیسے صف بصف

اس سحر نے زندگی کا رخ بدل ڈالا تمام
ہوگیا زیر و زبر حق اور باطل کا نظام

ملتِ کبریٰ کا ایواں اس نے سونا کردیا
اس سحر نے بزمِ عالم میں اندھیرا کردیا

قندِ پارسی

از جناب الم صاحب مظفرنگری

آں سلک لآلی کہ بداماں بفروشم
حاشا بقمیصِ تو صد ارزاں بفروشم

حائل نشود گر اثر فطرت بلبل
در دشت جنوں فصل بہاراں بفروشم

زنہار بہ سنبل ندہم از چمن عشق
بوئے کہ بگیسوئے پریشاں بفروشم

ترسم کہ مذاق تپشم فاش نہ گردد
ہرگاہ کہ سرمایۂ ہجراں بفروشم

قائل خلشِ درد اگر حوصلہ دارد
ہر زخم محبت بہ نمکداں بفروشم

بلقیس من آمد دل خوش کام جلوسے
برخیز کہ تا ملک سلیماں بفروشم

اے کاش کند رحمت عام تو پذیرا
اے کاش کہ من دفتر عصیاں بفروشم

ہشیار الم تا بہ جہنم شبِ ہجراں
یک شعلۂ آہ شرر افشاں بفروشم